پی او ایف سنٹرل لائبریری

ہدایات برائے حصول رکنیت

(ریٹائرڈ پی او ایف ملازمین)

طریقہ کار

پی او ایف سنٹرل لائبریری کی رکنیت کے لیے درج ذیل اصل دستاویزات (original documents) کے ساتھ سنٹرل لائبریری میں ذاتی طور پر تشریف لائیں۔

(i) ریٹائرمنٹ کارڈ (ii) شناختی کارڈ (iii) 2عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (iv) ممبر شپ وسیکورٹی فیس

فیملی کو لائبریری کارڈز کے استعمال کا اختیار دلوانے کے لیے درج بالا دستاویزات کے علاوہ درج ذیل دستاویزات بھی ہمراہ لائیں۔

(i) متعلقہ فیملی ارکان کی 2عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (ii) "متعلقہ فیملی ارکان کے اصل شناختی کارڈ یا اصل فارم "ب

رکنیت کی فیس اور زرِ ضمانت

رکنیت کے لیے زرِ ضمانت 500روپے (ایک مرتبہ) اور 200روپے سالانہ ممبر شپ فیس جمع کروانی ہو گی۔

ضامن (Guarantor)

لائبریری رکنیت کے لیے پی او ایف کے کسی حاضر سروس ملازم کی گارنٹی ضروری ہو گی جس کی کم از کم 5 سال مدت ملازمت باقی ہو اور ممبر شپ کیلئے گارنٹر کو درخواست دہندہ کے ہمراہ لائبریری میں آکر لائبریری ممبر شپ فارم پر بیانِ حلفی دینا ہو گا کہ ممبر کے ذمہ واجب الاداء لائبریری کتب کی عدم واپسی یا لائبریری واجبات کی عدم ادائیگی کی صورت میں وہ مطلوبہ کتب یا واجبات ادا کریگا۔

قواعد وضوابط

1. رکنیت کے حصول کے لیے درخواست گذار کا مطلوبہ اصل دستاویزات کے ساتھ ذاتی حیثیت میں آنا ضروری ہے۔ کسی دوسرے شخص کو رکنیت کارڈ نہیں دیے جائیں گے۔ رکنیت کی سالانہ تجدید کیلئے بھی ممبر خود تشریف لائیں۔
2. رکنیت ہونے کے بعد 2ریڈرز کارڈ جاری کیے جائیں گے، جن پر ایک وقت میں دو کتب کا اجراء 14 دن کے لیے کیا جاتا ہے۔
3. لائبریری قوانین کے مطابق کتاب تاخیر سے جمع کروانے کی صورت میں فی دن کے حساب سے جرمانہ کیا جاتا ہے۔ کتاب گم کرنے یا کتاب پر کسی قسم کی لکھائی یا کتاب کو نقصان پہنچانے کی صورت میں نئی کتاب خرید کر جمع کروانی ہو گی یا لائبریری قواعد کے مطابق کتاب کی موجودہ قیمت اور جرمانہ جمع کروانا ہو گا۔
4. رکن پر لازم ہے کہ اپنے پتے یا فون کی تبدیلی کی صورت میں لائبریری اندرج میں ترمیم کروائیں۔
5. لائبریری قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں لائبریرین کو رکنیت منسوخ کرنے کا کلی اختیار ہو گا۔